# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کاعلم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری"Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

**عنوان: جرم وسزا کا اسلامی قانون(۴۶۳۷)** — **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: ایم اے(علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(wordیاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یامقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یادیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر ا

## (یونٹ: 1 تا4)

**کل نمبر:100** — **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر1۔ جرم کی تعریف وقت اور معاشرتی اقدار کے ساتھ تبدیل ہوتی رہتی ہے، جس سے اس کا مفہوم مختلف ہو جاتا ہے۔ (20)

جرم کے تصور کی وضاحت کریں اور بیان کریں کہ اس کی تعریف کن عوامل سے تشکیل پاتی ہے؟

سوال نمبر2۔ جرائم کی درجہ بندی ان کے مطالعہ اور تجزیہ کو آسان بناتی ہے۔ ہر قسم کی اپنی الگ خصوصیات ہوتی ہیں۔ (20)
جرائم کی اقسام کو بیان کریں اور ان کی نمایاں خصوصیات کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر3۔ مجرمانہ رویہ مختلف اندرونی اور بیرونی عوامل کے امتزاج کا نتیجہ ہوتا ہے۔ (20)
مجرمانہ رویے کی وضاحت کریں اور ان عوامل پر گفتگو کریں جو افراد کو جرم کی طرف مائل کرتے ہیں۔

سوال نمبر4۔ جرم کے مختلف نظریات انسانی رویے اور سماجی حالات کی بنیاد پر وضاحت پیش کرتے ہیں۔ (20)
اہم نظریاتِ جرم کی وضاحت کریں اور ان کے کردار کو بیان کریں۔

سوال نمبر5۔ نظریاتی فریم ورک جرم کی گہری سمجھ فراہم کرتے ہیں اور اس کے اسباب کو واضح کرتے ہیں۔ (20)
نظریاتی نقطہ نظر سے جرم کا تجزیہ کریں اور اس کی اہمیت بیان کریں۔

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5 تا9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر1۔ جرم کے اسباب مختلف معاشی، سماجی اور نفسیاتی عوامل پر مشتمل ہوتے ہیں۔ (20)
جرم کے اسباب کی وضاحت کریں اور ان کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر2۔ وکٹمائزیشن سروے جرائم کے پوشیدہ پہلوؤں کو سامنے لاتے ہیں اور اہم معلومات فراہم کرتے ہیں۔ (20)
وکٹمائزیشن سروے کی اہمیت کو بیان کریں اور اس کے فوائد پر بحث کریں۔

سوال نمبر3۔ جرم کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملیوں کی ضرورت ہوتی ہے جو معاشرے کو محفوظ بنائیں۔ (20)
جرم کی روک تھام کے طریقوں کی وضاحت کریں اور ان کی عملی افادیت بیان کریں۔

سوال نمبر4۔ امن و امان کے قیام کے لیے مختلف اقدامات کیے جاتے ہیں جن میں کمیونٹی اور اداروں کا کردار اہم ہوتا ہے۔ (20)
جرم کے کنٹرول کے طریقوں کو بیان کریں اور ان کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر5۔ سماجی مسائل اور جرائم کے درمیان گہرا تعلق پایا جاتا ہے جو معاشرتی عدم توازن کو ظاہر کرتا ہے۔ (20)
سماجی مسائل اور جرم کے تعلق کی وضاحت کریں اور ان کے حل پیش کریں۔